سوال

(190) میت کے دم نکل جانے کے بعد اس کے سر کے پاس بیٹھ کر   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کے دم نکل جانے کے بعد اس کے سر کے پاس بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس طرح قرآن خوانی لازم کر دی گئی تب تو یہ بدعت ہے۔ اس کا ثبوت کتاب وسنت وزمانہ خیر القرون میں نہیں پایا گیا ہے۔ لہذا اس کا ترک لازم ہے۔ ہاں اتفاقیہ اگر کبھی پڑھ لیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(اہل حدیث گزٹ دہلی جلد نمبر ۹ ش نمبر ۸)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 352

محدث فتویٰ